## سوال

(534) حقیقی بیٹے کی موجودگی میں پوتوں میں تقسیم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کے دو لڑکے ہیں۔ ایک لڑکا اپنے دو لڑکے زید کی زندگی ہی میں چھوڑ کر مر گیا سوال یہ ہے۔ کہ ان لڑکوں یعنی پوتوں کو زید کی جائداد سے حصہ ملے گا یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید کا حقیقی بیٹا اگر ہے۔ تو ان پوتوں کو نہیں ملے گا۔ اگر حقیقی بیٹا نہیں ہے۔ تو ان کو ملے گا لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ ۝ سورة النساء پوتے کی نسبت سے بیٹا بہت قریب ہے۔ اس لئے اس کے ہوتے ہوئے پوتا نہیں 1۔ لے سکتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 494**

محدث فتویٰ